URDU

# خواتین کے لیے بریسٹ اسکریننگ کی معلومات



Breast Screen SA

Government of South Australia
SA Health

## آن لائن بکنگ کریں!

کیو آر کوڈ سکین کریں یا ہماری ویب سائیٹ دیکھیں۔

## یا 13 20 50 پر ہمیں کال کریں

مفت ترجمان کی خدمات دستیاب ہیں۔

## مزید معلومات حاصل کر سکتی ہیں

BreastScreen SA
SA Health

Tel: 13 20 50
HelloBSSA@sa.gov.au
www.breastscreen.sa.gov.au

Interpreter

اگر آپ انگریزی نہیں بولتی تو اپنے زبان میں مترجم کی درخواست کرنے کے لیے 13 20 50 پر بریسٹ اسکرین ساؤتھ آسٹریلیا کو فون کریں۔

www.ausgoal.gov.au/creative-commons

Government of South Australia
SA Health

© SA Health, Government of South Australia
All rights reserved. 2023

## میں اور کیا کر سکتی ہوں؟

بریسٹ اسکرین ساؤتھ آسٹریلیا تمام خواتین کو "بریسٹ اویئر" رہنے کا مشورہ دیتا ہے، چاہے آپ باقاعدگی سے میموگرام کرواتی ہیں۔ اگر آپ اپنی چھاتی میں کوئی غیر معمولی تبدیلی محسوس کرتی ہیں تو بلا تاخیر اپنے ڈاکٹر سے ملیں۔ یاد رکھیں جلد پتہ لگانا بہت ضروری ہے!

## میں مفت میموگرام اسکریننگ کہاں کروا سکتی ہوں؟

بریسٹ اسکرین ساؤتھ آسٹریلیا کے کلینک یہاں موجود ہیں:

- **Arndale** – Armada Arndale, Torrens Road, Kilkenny
- **Christies Beach** – Dyson Road, Christies Beach
- **David Jones Rose Clinic** – Adelaide Central Plaza, Rundle Mall, Adelaide
- **Elizabeth** – Playford Boulevard, Elizabeth
- **Frome Road** – Bonython Jubilee Building, University of South Australia, Adelaide
- **Hyde Park** – Unley Road, Hyde Park
- **Marion** – Marion Specialist Centre, Sturt Road, Seacombe Gardens
- **Mount Barker** – Summit Health Centre, Wellington Road, Mount Barker

بریسٹ اسکرین ساؤتھ آسٹریلیا کے پاس موبائل اسکریننگ یونٹس بھی ہیں جوہر دو سال دیہی علاقوں کا دورہ کرتے ہیں۔

اپائنٹمنٹ کے لیے، 50 20 13 پر فون کریں۔

ڈاکٹر کے ریفرل لیٹر کی ضرورت نہیں ہے، اور مفت ترجمان کی خدمات دستیاب ہیں۔ گروپ بکنگ ان خواتین کے لیے بھی دستیاب ہے جو بطور گروپ شرکت کرنا چاہتی ہیں۔

چھاتی کا کینسر خواتین میں تشخیص ہونے والا سب سے عام کینسر ہے، جس کی دس میں سے ایک ساؤتھ آسٹریلین خواتین میں 75 سال کی عمر سے پہلے تشخیص ہوتی ہے۔

چھاتی کے کینسر کو روکا نہیں جا سکتا لیکن عورت کا بہترین دفاع جلد پتہ لگانا ہو سکتا ہے۔

## چھاتی کا کینسر - حقائق

چھاتی کا کینسر غیر معمولی خلیوں کا ایک گروپ ہے جو بڑھتے اور بڑھتے رہتے ہیں۔ آخر کار یہ خلیے چھاتی میں ایک گانٹھ بن سکتے ہیں۔ اگر کینسر کو نہ ہٹایا جائے یا اس پر قابو نہ پایا جائے تو کینسر کے خلیات جسم کے دوسرے حصوں میں پھیل سکتے ہیں اور موت کا سبب بن سکتے ہیں۔ ابتدائی مرحلے میں چھاتی کے کینسر کا پتہ لگانا کامیاب علاج کے امکانات کو بہتر بناتا ہے۔

چھاتی کے کینسر کی نشوونما کے سب سے بڑے خطرے والے عوامل عورت ہونا اور عمر کا بڑھنا ہے۔ 75 فیصد سے زیادہ چھاتی کے کینسر کی تشخیص 50 سال یا اس سے زیادہ عمر کی خواتین میں ہوتی ہے۔

## اسکریننگ میموگرام کیا ہے؟

اسکریننگ میموگرام عورت کی چھاتی کے اندرونی بافتوں کا ایک ایکسرے (ڈیجیٹل تصویر) ہے۔ ایک اسکریننگ میموگرام چھاتی کے کینسر کو جلد تلاش کرنے کا بہترین طریقہ ہے اور آپ یا آپ کے ڈاکٹر کے محسوس کرنے سے پہلے چھاتی میں کینسر کا پتہ لگا سکتا ہے۔

## اسکریننگ میموگرام کیسے کی جاتی ہے؟

چھاتی کو ایکسرے مشین پر احتیاط سے رکھا جاتا ہے اور ایکسرے لیتے وقت اسے چند سیکنڈ کے لیے 'دبایا جاتا ہے'۔ ہر چھاتی کے دو ایکسرے لیے جاتے ہیں، ایک اوپر سے اور ایک سائیڈ سے۔ چھاتی کودبانا ضروری ہے تاکہ واضح تصویر لی جا سکے اور تابکاری کی سب سے کم مقدار استعمال کی جائے۔ کمپریشن تھوڑا سا غیر آرام دہ محسوس ہو سکتا ہے لیکن یہ چند سیکنڈ تک رہتی ہے۔

## جب میں بریسٹ اسکرین ساؤتھ آسٹریلیا (BreastScreen SA) جاؤں گی تو کیا ہوگا؟

جب آپ اپنی اپائنٹمنٹ لے لیں گی تو بریسٹ اسکرین ساؤتھ آسٹریلیاآپ کو ایک "ذاتی سوالنامہ اور اسکریننگ کے لیے رضامندی" کا فارم بھیجے گا جسے آپ کو پُر کرنا ہوگا اور اپنی ملاقات کے دن اپنے ساتھ لانا ہوگا۔

آپ کے میموگرام کے دن، یہ تجویز کیا جاتا ہے کہ آپ دو پیس کا لباس پہنیں، جیسے ٹراؤزر اور شرٹ اور ٹیلکم پاؤڈر یا ڈیوڈورنٹ کا استعمال نہ کریں کیونکہ اس سے لی گئی ایکس رے تصویر کے معیار پر اثر پڑ سکتا ہے۔

بریسٹ اسکرین ساؤتھ آسٹریلیا سمجھتی ہے کہ بہت سی خواتین اپنے میموگرام سے پہلے گھبراہٹ محسوس کر سکتی ہیں، تاہم بریسٹ اسکرین ساؤتھ آسٹریلیا کلینک کا تمام عملہ خواتین پر مبنی ہے اور خواتین کی ضروریات کو اچھی طرح سمجھتا ہے اور ان کا احترام کرتا ہے۔

## جب آپ بریسٹ اسکرین ساؤتھ آسٹریلیا پر اپنی اپائنٹمنٹ کے لیے آئیں گی تو کیا ہوگا

ہم آپ کو خوش آمدید کہیں گے اور آپ کے رضامندی کے فارم کو چیک کریں گے اور ہم آپ کے کسی بھی سوال کا جواب دیں گے۔ اس کے لیے وقت نکالنے کے لیے براہ کرم 10 منٹ پہلے پہنچیں۔

آپ کو ایک چینج روم میں لے جایا جائے گا اور اپنے اوپری کپڑے اتارنے کو کہا جائے گا۔ آپ ڈسپوزایبل گاؤن مانگ سکتی ہیں۔

ایک خاتون ریڈیوگرافر آپ کو میموگرام کرنے کے لیے ایکسرے روم میں لے جائے گی اور آپ سے کچھ سوالات پوچھے گی۔ ہر چھاتی کے ایکسرے لیے جائیں گے اور پھر آپ جا سکتی ہیں۔

آپ کی اسکریننگ اپوائنٹمنٹ کے بعد، آپ کے ایکس رے کا جائزہ دو ماہر ڈاکٹروں (ریڈیالوجسٹ) کے ذریعے لیا جاتا ہے اور آپ کو 14 دنوں کے اندر اپنے ٹیسٹ کے نتائج بذریعہ ڈاک موصول ہوں گے۔

اگر آپ کے میموگرام پر کوئی غیر معمولی نتائج سامنے آتے ہیں مزید ٹیسٹوں کے لیے واپس بلایا جا سکتا ہے جس میں ایکس رے، الٹراساؤنڈ اور چھاتی کا معائنہ شامل ہے ۔ اس کا ہمیشہ یہ مطلب نہیں ہے کہ آپ کو چھاتی کا کینسر ہو سکتا ہے۔ اگر مزید ٹیسٹ ضروری ہوں تو بریسٹ سکرین ساؤتھ آسٹریلیا کی ایک نرس کونسلر آپ سے فون پر اس کے بارے میں بات کرے گی۔

## اگر میرے خاندان میں خواتین کو بریسٹ کینسر ہو چکا ہو تو اس کا کیا مطلب ہے؟

وہ خواتین جن کی عمر 40 سال یا اس سے زیادہ ہے اور ان کے خاندان میں کئی خواتین کو بریسٹ کینسر رہ چکا ہو تو وہ ہر سال ایک مفت بریسٹ اسکرین کے لیے اہل ہیں۔ اپنے ذاتی حالات پر بات کرنے کے لیے ہمیں 50 20 13 پر فون کریں تاکہ تصدیق کی جا سکے کہ آیا آپ اہل ہیں۔